


# پری فزیبلیٹی تحقیق

## (چارے کی پیداوار اور تجارت)


SMEDA

سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk

**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر3، ایوانِ اقبال، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون92 42 111 111 456

فیکس92 42 36304926-7

helpdesk@smeda.org.pk

**ریجنل آفس پنجاب**

بلڈنگ نمبر3، فلور:3، ایوان اقبال، ایجرٹن روڈ، لاہور

ٹیلی فون:(042) 111-111-456

فیکس نمبر:(0423)36304926-7

helpdesk.punjab@smeda.org.pk

**ریجنل آفس سندھ**

بحریہ کمپلیکس2، فلور5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی

ٹیلی فون:(021) 111-111-456

فیکس نمبر:(021) 35610572

helpdesk-khi@smeda.org.pk

**ریجنل آفس خیبر پختونخواہ**

دی مال، گراؤنڈ فلور، پشاور

ٹیلی فون:(091) 9213046-47

فیکس نمبر:(091) 286908

helpdesk-pew@smeda.org.pk

**ریجنل آفس بلوچستان**

**بنگلو نمبر:**15-A چمن ہاؤس سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ

ٹیلی فون:(081) 2831623, 2831702

فیکس نمبر:(081) 2831922

helpdesk-qta@smeda.org.pk


**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے وزیراعظم یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

| صفحہ نمبر | فہرست عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 3 | اظہار لاتعلقی | 1. |
| 3 | دستاویز کا مقصد | 2. |
| 3 | سمیڈا کا تعارف | 3. |
| 4 | سکیم کا تعارف | 4. |
| 4 | اجمالی جائزہ | 5. |
| 4 | کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان | 6. |
| 4 | انتہائی قابل توجہ امور | 7. |
| 5 | ابتدائی و عملی استعداد | 8. |
| 5 | سرمایہ کاری کے لیے جغرافیائی مواقع | 9. |
| 5 | متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے | 10. |
| 5 | پیداوار گردش عمل (پروڈکش پروسس فلو) | 11. |
| 6 | منصوبے کی کل لاگت کا خلاصہ | 12. |
| 6 | معاشی کیفیت | 12.1 |
| 6 | درکار سرمایہ | 12.2 |
| 7 | کل لاگت کاروبار | 12.3 |
| 7 | درکار زمین | 12.4 |
| 7 | مشینری و آلات | 12.5 |
| 8 | درکار خام مال | 12.6 |
| 8 | درکار افرادی قوت | 12.7 |
| 9 | آمدن۔متوقع پیداوار اور آمدن کا جدول | 12.8 |
| 9 | دیگر لاگتیں | 12.9 |
| 10 | ضمیمہ جات | 13 |
| 10 | سودمند انتظامی تجاویز | 13.1 |
| 11 | ماہرین و مشیران | 13.2 |
| 12 | کارآمد روابط | 13.3 |
| 13 | کلیدی مفروضے | 13..4 |
| 14 | آمدن کا گوشوار (انکم سٹیمنٹ) | 13..5 |
| 14 | اثاثوں اور واجبات کا گوشوار (بیلنس شیٹ) | 13.6 |
| 15 | گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو) | 13.7 |

## 1.اظہارلاتعلقی (DISCLAIMER)

یہ معلوماتی دستاویز موضوع سے متعارف کرواتی اوراس بارے یں عمومی تصوراور معلومات دیتی ہے۔اگر چہ،اس دستاویز میں شامل مواد مختلف باوثوق ذرائع سے جمع کردہ ڈیٹا/ معلومات پرمبنی ہے،مگراس کی بنیادمخصوص مفروضات پربھی ہے جومختلف صورتوں میں مختلف ہوسکتے ہیں۔معلومات کی درستگی یامعتبریت کے بارے میں کوئی دعوے یایقین دہانیوں کے بغیرمن وعن پیش کیا گیاہے۔اگر چہ اس دستاویز کی تدوین میں حددرجہ احتیاط اورتوجہ برتی گئی ہے،لیکن اس میں دی گئی معلومات متعلقہ عوامل میں کسی تبدیلی کی وجہ سے فرق ہوسکتے ہیں،اوراصل نتائج پیش کردہ معلومات سے خاصے مختلف ہوسکتے ہیں۔سمیڈا(SMEDA)،اس کے ملازمین اورایجنٹ اس دستاویز کی وجہ سے کی گئی کسی سرگرمی کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی مالی یادیگرنقصان کے ذمہ دارنہیں۔شامل معلومات مزید کسی پروفیشنل مشاورت کوخارج ازامکان نہیں بناتی۔اس دستاویز کے متوقع استعمال کنندگان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اضافی کاوش کریں اورایک باوثوق فیصلہ کرنے کے لیےضروری معلومات اکٹھی کریں،بشمول معلومات پرعمل کرنے کے کسی بھی فیصلے سے قبل کسی کنسلٹنٹ/تکنیکی ماہرکے ساتھ پروفیشنل مشاورت کرلیں۔

سمیڈا کی جانب سے پیش کردہ خدمات کے متعلق مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائیٹ پررابطہ کریں:www.smeda.org.pk

## 2. دستاویز کا مقصد (PURPOSE OF THE DOCUMENT)

ابتدائی امکانات جانچنے کی اس سٹڈی کا بنیادی مقصد ممکنہ کاروباری افرادکوسرمایہ کاری کے لیے پروجیکٹ کی شناخت میں معاونت دیناہے۔پروجیکٹ کی ابتدائی جانچ سرمایہ کاری کے اہم فیصلوں کی بنیادمہیا کرسکتی ہےاوراس مقصدکوپورا کرنے کی خاطر یہ دستاویز/سٹڈی پروجیکٹ کا بنیادی تصوروضع کرنے،آغازاور پروڈکشن،مارکیٹنگ،فنانس اورکاروباری انتظامات چلانے کے کےمختلف پہلوؤں کااحاطہ کرتی ہے۔

اس دستاویز کا مقصد ممکنہ سرمایہ کاروں کوزمینی چارے کی پیداواراورتجارت میں سرمایہ لگانے کے لیے کاروبارکی عمومی معلومات مہیا کرناہے تاکہ انہیں سرمایہ کاری کے اہم فیصلوں میں مدد ملے۔

دستاویزی معلومات سے محروم یابہت کم دستاویزی معلومات والے شعبوں کے لیےابتدائی جائزہ رپورٹیں تیارکرنے کی ضرورت اس لیےبھی زیادہ نمایاں ہوگئی ہے کیونکہ اس قسم کی رپورٹوں سے پہلے کی ریسرچ مخصوص ٹوٹکے،آزمائش اورخطاکے ذریعے موجودہ کاروباروں کے وضع کردہ بہترین طورطریقے اورمخصوص صنعتی طریقے آشکارکرتی ہیں جوکاروبارقائم کرنےاورکامیاب طریقے سے چلانے کےمختلف پہلوؤں میں راہنمابن گئے۔

پوری دستاویز کابغورمطالعہ کرنے کےعلاوہ آپ کوچاہیے کہ آگے بیان کیئے گئےاہم پہلوؤں کاخیال رکھیں جوسرمایہ کاری کے کسی بھی فیصلےکی بنیادہیں۔

## 3. سمیڈا کا تعارف (INTRODUCTION OF SMEDA)

چھوٹےاوردرمیانے درجے کےکاروبارکی ترقی کاادارہ (سمیڈا) حکومت پاکستان نے1998ءمیں قائم کیا تاکہ چھوٹےاوردرمیانے درجے کےکاروباری شعبے(SME) کو ترقی دینے کے ذریعےمعیشت میں نئی جان ڈالی جاسکے۔

''روزگار پیدا کرنےاورقومی آمدنی میں بڑھوتری میں معاونت'' کے جذبے کے ساتھ،SME شعبےکوترقی دینے کے ذریعے،SMEs کی تعداد،دائرہ عمل اورمقابلہ بازی کو فروغ دینے کے ذریعے''سمیڈا نے'مخصوص شعبوں کی ریسرچ'انجام دی ہے تاکہ پالیسی،فنانس تک رسائی،کاروبارکےفروغ کی خدمات،اہم اقدامات اوراداروں کی سطح پر اشتراک عمل اورنیٹ ورکنگ کےاقدامات کوشناخت کی جاسکے۔

سرمایہ کاری کےکلیدی شعبوں میں ابتدائی تحقیقی جائزوں کی تیاری اورتشہیرسمیڈا کی جانب سےSME معاونت کانشان امتیازرہاہے۔

ان ابتدائی تحقیقی جائزوں کے ساتھ ساتھ سمیڈا نے SMEs کووسیع پیمانے پرفروغِ کاروبارکی خدمات بھی پیش کی ہیں۔ان خدمات میں ہیلپ ڈیسک سروسز کے ذریعے کاروباری راہنمائی کےعلاوہ ماہرین اورکنسلٹنٹس کی نشاندہی اورضروریات کی بنیادپرتعمیراستعداد کےمختلف النوع پروگرام بھی شامل ہیں۔

## 4. سکیم کا تعارف (INTRODUCTION TO SCHEME)

وزیراعظم کی جانب سے نوجوانوں کے لئے قرضہ سکیم کا اجراء نوجوان کاروباری افراد کے لئے پانچ ارب روپے کی لاگت سے وزیراعظم کی جانب سے شروع کی گئی ''چھوٹے کاروباری قرضوں کی سکیم'' (PM Youth Bussiness Loan) برائے سال 2013-14ء کا مقصد نامزد کردہ مالیاتی اداروں کے ذریعے رواں سال میں ایک لاکھ افراد کو 8 فیصد مارک اپ پر قرضہ مہیا کرنا ہے اور ابتدائی طور پر کام نیشنل بینک آف پاکستان اور فرسٹ وویمن بینک لمیٹڈ کے ذریعے انجام دیا جائے گا۔

آٹھ سال تک کی معیاد کے لئے اور 10:90 تناسب کا قرضہ (Debt) اور ذاتی سرمایہ (Equity) کے ساتھ چھوٹے کاروباری قرضے پاکستان بھر میں SME مالکان کو دیئے جائیں گے جس میں پنجاب، سندھ، خیبرپختونخوا، بلوچستان، گلگت بلتستان، آزاد جموں و کشمیر اور فاٹا کو متناسب نمائندگی دی جائے گی۔

روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور قومی آمدنی میں اضافے کے لئے چلنے والی اس سکیم کا مقصد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے کی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔

سکیم کے تحت چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے میں وسعت اور مقابلے کے رجحان کے لئے حکومت ہر ممکن معاونت فراہم کر رہی ہے۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو ترقی دینے کے ادارے SMEDA نے وزیراعظم کی ہدایت پر پچاس سے زائد شعبوں کی نشاندہی کی ہے۔

تاہم سکیم کا دائرہ کار صرف انہی پچاس قسم کے کاروبار تک محدود نہیں ہے۔ کاروباری افراد کسی بھی بہتر منصوبے کی نشاندھی کر سکتے ہیں۔ SMEDA کاروبار کی منصوبہ بندی کیلئے ہر طرح کی تکنیکی رہنمائی فراہم کر رہا ہے اور اس سلسلے میں ادارے کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk سے استفادہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## 5. اجمالی جائزہ (EXECUTIVE SUMMARY)

یہ دستاویز بڑھتی ہوئی مارکیٹ کی ضرورت پوری کرنے کی خاطر چارے کی پیداوار اور تجارت کی کمپنی میں ممکنہ سرمایہ کاری کے متعلق معلومات مہیا کرنے کی غرض سے تیار کی گئی ہو ہے۔

چارے کا کاروبار سندھ، پنجاب، پختونخواا اور بلوچستان کے دیہی علاقوں میں کرنے کی تجویز دی جاتی ہے جہاں پانی وافر مقدار میں دستیاب ہے۔

مصنوعات میں خشک چارہ اور سبز چارہ شامل ہیں۔

استعداد: کل قائم شدہ استعداد 1,110 ٹن سالانہ (185 ٹن فی فصل) اور ابتدائی استعمال 90 فیصد۔

کل لاگت کا اندازہ 2.04 ملین روپے ہے، جس میں 1.26 ملین روپے کل مستقبل لاگت اور 0.78 ملین روپے گردشی سرمایہ شامل ہیں۔

لاگت کے تخمینوں کو سامنے رکھتے ہوئے اندرونی شرح منافع اور کل لاگت کی مدت واپسی بالترتیب 54 فیصد اور 2.5 سال ہے۔ مجوزہ کاروبار کیلئے ٹھکیداری کا انتظام اور غذائی اجزا کا درست توازن انتہائی اہم پہلو ہیں۔

## 6. کاروبار/مصنوعات کا مختصر بیان (BRIEF DESCRIPTION OF PROJECT & PRODUCT)

جانور سبز چارہ بڑی مقدار میں کھاتے ہیں۔ چونکہ اس کے لیے کافی پانی درکار ہوتا ہے لہٰذا لوگ اسے فائدہ مند نہیں پاتے۔ الفلفہ (خشک چارہ) تھوڑی مقدار میں استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ تیاری کے عمل میں نمی نکل جاتی ہے، لیکن جانور کے لیے غذائیت وہی رہتی ہے۔ دوم، پاکستان بھر میں سارا سال طلب قائم رہتی ہے، نیز بین الاقوامی مارکیٹ میں بھی اس کی تجارت کے نئے امکانات موجود ہیں۔

- ٹیکنالوجی: مجوزہ چارے کا پیداواری یونٹ کٹائی کی نئی اور بیلنگ کی استعمال شدہ مشینیں استعمال کرے گا۔
- جائے وقوع: چارے کی کاشت کسی بھی ایسے دیہی علاقے میں کی جاسکتی ہے جہاں پانی آسانی سے دستیاب ہو اور زمین زیادہ سے زیادہ چارہ پیدا کرنے کے لیے سازگار ہو۔
- مصنوعات: مجوزہ منصوبہ سبز اور خشک چارہ پیدا کرے گا۔
- متواقع منڈیاں: شہری اور بیشتر دیہی علاقوں کی مقامی منڈیوں کے علاوہ خشک اور گٹھوں کی شکل میں برآمدات کے لیے بھی زبردست امکانات موجود ہیں۔
- روزگار کے مواقع: مجوزہ پروجیکٹ 06 افراد کو براہ راست روزگار مہیا کرے گا۔ مالیاتی تجزیہ سے پتہ چلتا ہے دکھاتا ہے کہ یونٹ پہلے سال سے ہی منافع بخش ہوگا۔

## 7. انتہائی قابل توجہ امور (CRITICAL FACTORS)

مجوزہ منصوبہ کے مالی لحاظ سے قابل عمل ہونے کا انحصار درج ذیل عوامل پر ہے:

- ٹھکیداری کا انتظام
- پانی کی دستیابی
- غذائی اجزا کا درست توازن قائم کرنا



نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

- درست وقت پر کھاد ڈالنا

## 8. ابتدائی و عملی استعداد (INSTALLED AND OPERATIONAL CAPACITIES)

چارہ اگانے اور بیچنے کے مجوزہ یونٹ کی پیداواری گنجائش ٹھیکے کی بنیاد پر 25 تا 30 ٹن فی ایکٹر ہوگی۔ فرض کیا گیا ہے کہ ٹھیکہ بیس ایکڑ اراضی کا کیا جائے گا جس میں 90 فیصد چارہ خشک اور 10 فیصد سبز حالت میں فروخت کیا جائے گا۔ نمی کے اجزا 70 فیصد تک ہونے کے باعث خشک چارے کی کل پیداوار 135 ٹن سالانہ (سبز چارے کا 30 فیصد) اور سبز چارے کی کل پیداوار 50 ٹن سالانہ ہوگی۔ چارے کے لیے سالانہ 6 کٹ فی ایکڑ ہوں گے۔

## 9. سرمایہ کاری کے لیے جغرافیائی مواقع (GEOGRAPHICAL POTENTIAL FOR INVESTMENT)

پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور اس کی زیادہ تر آبادی زراعت کے ساتھ براہ راست تعلق رکھتی ہے۔ چنانچہ مجوزہ منصوبے کے لیے ایسی جگہ منتخب کی جائے گی جو مزدوروں کی دستیابی، سہولیات اور پیداوار کے دیگر تقاضوں کے لحاظ سے موزوں ہو۔ چارہ اگانے کا کاروبار سندھ، پنجاب، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے ایسے دیہی علاقوں میں کرنے کی تجویز دی جاتی ہے جہاں مناسب زمین سستے ٹھیکہ پر دستیاب ہو اور پانی وافر مقدار میں موجود ہو۔

## 10. متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے (POTENTIAL TARGET MARKET)

چارہ اگانے کی صنعت میں مشینوں کا استعمال بڑھتا جارہا ہے۔ آج کل کا کاشتکار زرعی مشینری اور مواصلات کے ذرائع رکھنے کے باعث زیادہ فعال بن گیا ہے۔ اس شعبے سے متعلقہ فریقین متفق ہیں کہ ذرائع اور وسائل چارے کی سالانہ طلب پوری کرنے کے لیے کافی نہیں۔ لائیوسٹاک کی تعداد میں اضافہ ہورہا ہے وہ مستقبل میں مارکیٹ کا سائز بڑھا سکتی ہے۔ لیکن چارہ اگانے اور بیچنے میں کامیابی کے لیے آپ کو کافی تجربے، توانائی اور اچھی جگہ کی ضرورت ہے۔ متعلقہ فریقین کے ساتھ گفتگو کے دوران مشاہدہ کیا گیا ہے کہ مارکیٹ کا موجودہ طریقہ کار یہ ہے کہ خریدار خود آتے اور بڑی مقدار میں خریداری کرتے ہیں۔ لیکن متعدد سیل پوائنٹ موجود ہیں جہاں بڑی مقدار میں چارہ مہیا کیا جارہا ہے۔ ان پہلوؤں میں باقاعدہ اور عارضی منڈیاں، فارم ہاؤسز اور نواحی علاقے شامل ہیں جہاں لوگ مویشی، گائیں اور بھینسیں استعمال کرتے ہیں۔ حالیہ تجزیہ کے مطابق پاکستان سے چارہ (Silage) کی برآمد مشرق وسطیٰ میں بڑی مقدار میں شروع ہوگئی ہے۔

## 11. پیداوار گردش عمل (PRODUCTION PROCESS FLOW)



## 12. منصوبہ کی لاگت کا خلاصہ( PROJECT COST SUMMARY )

چھوٹے کاروبار کے لیے پرائم منسٹر یوتھ لونز سکیم کے تحت کی چارہ اگانے کا پروجیکٹ تجارتی لحاظ سے قابل عمل ہونے کا جائزہ لینے کے لیے ایک مفصل مالیاتی ماڈل تیار کیا گیا ہے۔

لاگت اور آمدنی سے متعلق مختلف امکانات اور جائزے کے نتائج اس حصہ میں مختصراً دیے جا رہے ہیں۔

اندازے کی بنیاد پر آمدن کا گوشوارہ، اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ اور گردش نقد کا گوشوار ضمیمہ جات میں شامل کیئے گئے ہیں

### 12.1 معاشی کیفیت(Project Economics)

اس مالیاتی ماڈل میں تمام اعداد و شمار کا حساب بیس ایکڑ اراضی کی بنیاد پر ٹھیکے پر کاشت کے مطابق لگایا گیا اور چارے کی فی ایکڑ پیداوار 25 تا 30 ٹن فرض کی گئی ہے۔ ایک سال میں چھ فصلیں ہوں گی، اور سبز چارہ خشک کیے جانے پر 70 فیصد رہ جائے گا۔ مجوزہ منصوبے کے لیے 90 فیصد آمدنی خشک چارے سے ہوگی، یوں خشک چارے کی اوسط پیداوار 135 ٹن فی ایکڑ سالانہ اور سبز چارے کی 50 ٹن فی ایکڑ سالانہ ہوگی۔

نیچے دیا گیا ٹیبل میں اندرونی شرح منافع، کل لاگت کی مدت واپسی اور موجودہ قدر حاصل کو دکھایا گیا ہے کا عرصہ دکھاتا ہے:

**جدول 1- منصوبہ کا معاشی پہلو**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| اندرونی شرح منافع (فیصد) | 54% |
| کل لاگت کی قدر حاصل روپے | 2.5 |
| موجودہ مالیت (NPV) | 11,164,335 |

سکیم کی منافع بخش حیثیت کا دارومدار بہت حد تک زمین کی زرخیزی، اچھے زرعی طور طریقوں اور پانی کی دستیابی پر ہے۔ چارے کی پیداوار کے معاملے میں یہ عوامل بہت فعال ہیں، اگر ان پر مناسب توجہ نہ دی گئی تو اس کاروبار کی رسد مہنگی اور اجتماعی طور پر متوقع طلب پوری کرنے کے قابل نہیں رہے گی۔ اسی طرح زیادہ سے زیادہ پیداوار لینے کے لیے اچھے معیار کے بیج استعمال کرنا اور زرخیز زمین کا انتخاب اس سرمایہ کاری کے لیے بہتر راہ ہوگی۔

### 12.2 درکار سرمایہ(Project Financing)

نیچے دیا گیا ٹیبل درکار ذاتی سرمایہ اور بینک کے قرضے سے متعلقہ تفصیل مہیا کرتا ہے۔

جدول 2: درکار سرمایہ

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| کل ذاتی سرمایہ(10%) | 203,825 روپے |
| بینک سے قرضہ(%.90) | 1,834,425 روپے |
| شرح سود (فیصد سالانہ) | 8% |
| قرض کی میعاد (سال) | 8 |
| رعائتی مدت (سال) | 1 |

## 12.3 کل لاگت کاروبار (Project Cost)

مجوزہ کاروبار کو چلانے کے لیے درج ذیل ضروری تقاضوں کی شناخت کی گئی ہے:

**جدول 3: منصوبہ کی سرمایہ کاری**

| سرمایہ کاری | رقم (روپے) |
|---|---|
| زمین (پٹے/کرائے پر) | |
| اوزار اور آلات | 1,000,000 |
| عمارت/ بنیادی سہولیات (دفتر) | 60,000 |
| فرنیچر اور لوازمات | 122,000 |
| ابتدائی اخراجات | 80,000 |
| **کل مستقل لاگت** | **1,262,000** |
| ابتدائی گردشی سرمایہ | 776,250 |
| **منصوبے کی کل لاگت** | **2,038,250** |

## 12.4 درکار زمین (Space Requirement)

چارہ بیس ایکڑ زرخیز زمین پر کاشت کیا جائے گا جسے ٹھیکے پر لیا جا سکتا ہے۔ٹریڈنگ کا انتظام کسی بھی بڑے شہر میں واقع ہیڈ آفس سے کیا جائے گا اور اسے ماہانہ کرائے پر لیا جا سکتا ہے۔اس منصوبے کے لیے ہم نے درج ذیل لیز/کرائے کو فرض کیا ہے:

**جدول 4: جگہ کی مطلوبہ گنجائش**

| مطلوبہ رقبہ | رقبہ | ماہانہ کرایہ (روپے) | سالانہ کرایہ (روپے) |
|---|---|---|---|
| انتظامی/ٹریڈنگ دفتر | 200 مربع فٹ | 15,000 | 180,000 |
| ٹھیکے پر زمین | 20 ایکڑ | 20,000 | 400,000 |
| کل کرایہ | | | 580,000 |

## 12.5 مشینری و آلات (Tools and Equipment)

نیچے دیا گیا ٹیبل چارے کی پیداوار کے لیے درکار مشینری اور آلات کی فہرست پیش کرتا ہے:

**جدول 5: مشینری اور آلات کی فہرست**

| مندرجات | تعداد | لاگت روپے فی یونٹ | کل روپے |
|---|---|---|---|
| کٹر | 1 | 700,000 | 700,000 |
| بیلر (Bailer) | 1 | 300,000 | 300,000 |
| ٹریکٹر (کرائے پر، حسب ضرورت) | 1 | | |
| ریکر (Raker) (کرائے پر، حسب ضرورت) | 1 | | |
| کل | | | 1,000,000 |

ان لاگتوں کی بنیاد اس مفروضے پر ہے کہ ملک بھر میں چارے کا حساب کتاب رکھنے، منڈی کی رسائی اور فراہمی ایک سیٹ اپ کی ضرورت ہوگی۔

جدول 6.: دفتری سامان کی لاگتیں

| مندرجات | تعداد | لاگت | رقم |
|---|---|---|---|
| کمپیوٹر بمعہ یو پی ایس | 1 | 35,000 | 35,000 |
| کمپیوٹر پرنٹر | 1 | 10,000 | 10,000 |
| ٹیلی فون | 3 | 2,000 | 6,000 |
| فیکس مشین | 1 | 12,000 | 12,000 |
| یو پی ایس اور بیٹری | 1 | 25,000 | 25,000 |
| فرنیچر | حسب ضرورت | 34,000 | 34,000 |
| کل | | | 122,000 |

## 12.6 درکار خام مال (Raw Material Requirements)

جدول 7: مال کی لاگت (فی ایکڑ)

| مندرجات | یونٹ | ریٹ | روپے فی ایکڑ |
|---|---|---|---|
| بیج (کلوگرام فی ایکڑ) | 10 | 450 | 4,500 |
| کھاد | 1 | 1,700 | 1,700 |
| کیڑے مار ادویات۔ سپرے | 1 | 1,000 | 1,000 |
| پی پی بیگز (50 کلوگرام) | 185 | 50, | 9,250 |
| پانی | 1 | 1,200 | 1,200 |
| لاگت فی یونٹ | | | 17,650 |

## 12.7 درکار افرادی قوت (Human Resource Requirement)

جدول 8: افرادی قوت کی تفصیل

| مندرجات | تعداد | تنخواہ ماہانہ | کل |
|---|---|---|---|
| مالک | 01 | 25,000 | 25,000 |
| سپروائزر | 01 | 18,000 | 18,000 |
| مشین آپریٹر | 01 | 12,000 | 12,000 |
| زمینی مزدور | 02 | 10,000 | 20,000 |
| مارکیٹنگ ایگزیکٹو | 01 | 20,000 | 20,000 |
| کل عملہ | 06 | | 95,000 |

اوپر دیا گیا ٹیبل بنیادی نوعیت کا چارے کی پیداوار کا کاروبار رکھنے کے لیے درکار افرادی قوت کی تفصیلات مہیا کرتا ہے۔ ملازمین کی تنخواہوں میں سالانہ 10 فیصد کا اضافہ تصور کیا گیا ہے۔

## 12.8 آمدن۔متوقع پیداواراورآمدن کا جدول (Revenue Generation)

اس منصوبہ میں فرض کیا گیا ہے کہ بیس ایکڑ اراضی پر ایک سال میں چارے کی چھ فصلیں کاشت ہوں گی۔کل خشک چارہ 810 ٹن (سبز چارے کا 30 فیصد) اور سبز چارہ 300 ٹن پیدا ہوگا جس سے سالانہ 50 لاکھ روپے آمدنی حاصل ہوگی۔

جدول 9: آمدن کی تفصیل

| مصنوعات | یونٹ (ٹن فی فصل) | قیمت فروخت (روپے فی یونٹ) | پہلے سال کی پیداوار (چھ فصلیں) | پہلے سال کی فروخت سے آمدنی (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| خشک چارہ (سبز چارے کا 30 فیصد) | 135 | 5,500 | 810 | 4,455,000 |
| سبز چارہ | 50 | 2,200 | 300 | 660,000 |
| فروخت سے کل آمدنی | | | | 5,115,00 |

## 12.9 دیگر لاگتیں (Other Costs)

کمپنی کو انتظامی کارکنوں کی جانب سے کاشت کاروں سے ملاقات کے دوروں پر ہونے والے اخراجات بھی برداشت کرنے ہوں گے۔اندازہ ہے کہ ایک ماہ میں اوسطاً 30,000 روپے خرچ آئے گا۔اسی طرح بجلی، پانی اور ٹیلی فون کے اخراجات کا اندازہ تقریباً 30,000 روپے ماہانہ ہے۔

• :ابتدائی گردشی سرمایہ اندازے کے مطابق 776,250 روپے کی رقم ابتدائی گردشی سرمایہ کے طور پر چاہیے جس کی تفصیل درج ذیل جدول کے اندر موجود ہے۔

جدول 10: ابتدائی گردشی سرمایہ

| مندرجات | مدت (مہینہ) | ماہانہ اخراجات (روپے) |
|---|---|---|
| مصرفات | 03 | 168,000 |
| تنخواہیں | 03 | 285,000 |
| زمین کا ٹھیکہ | 03 | 100,000 |
| دفتر کا کرایہ | 03 | 45,000 |
| خام مال | 03 | 88,250 |
| متفرق اخراجات | 03 | 90,000 |
| کل | | 776,250 |

.

# 13. ضمیمہ جات(ANNEXURES)

## 13.1 سود مند انتظامی تجاویز(Useful Project Managment Tips)

### ٹیکنالوجی

- توانائی کی ضروریات: اندازہ حقیقت پسندانہ ہو اور اہم عوامل کے لیے توانائی کے متبادل ذریعے کا بندوبست پیشگی کیا جائے۔
- مشینری کے سپلائر: استعمال کی تربیت اور معاہدے کے تحت بعد از فروخت سروس کا کہا جائے۔
- آلات معیاری ہونے کی یقین دہانی: پروڈکٹ کے مطلوبہ معیار کا تعین پیکیجنگ پر کیا گیا ہو اور ان کی جانچ کا ایک نظام وضع کیا جائے۔

### منڈی کی رسائی اور فراہمی

- پروڈکٹ کی تیاری اور پیکیجنگ: پروڈکٹ/سروس اور پیکیجنگ ڈیزائن کے لیے ماہرانہ خدمات لینی چاہئیں۔
- اشتہارات اور فروغ: کاروبار کے فروغ اور تشہیر کے لیے بینر لگانا اور تقریبات کا اہتمام کرنا نہایت موزوں ہے۔ پروڈکٹ کے متعلق بروشر بھی بہت مفید ثابت ہوتے ہیں۔
- سیلز اور تقسیم کاری کا نظام: ماہرین کی مشاورت اور تقسیم کاری کے معاہدے ضروری ہیں۔
- قیمت—زیادہ خریداری پر ڈسکاؤنٹ، تعارفی ڈسکاؤنٹ: قیمت مقرر کرتے وقت معیار پر سمجھوتہ ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔ قیمت مقرر کرنے سے پہلے پروڈکٹ کی لاگت کا باقاعدہ حساب رکھنا چاہیے۔ تعارفی مرحلے کے دوران قیمت کم رکھ کر پروڈکٹ کو زیادہ بہتر طریقے سے متعارف کروایا جا سکتا ہے۔ سرکاری نرخ نامے آویزاں کریں۔

### انسانی وسائل

صلاحیتیں اور مہارتیں: ہنرمند اور تجربہ کار سٹاف کو ایک سرمایہ کاری تصور کرنا چاہیے، حتیٰ کہ انہیں کاروباری منافع میں حصہ بھی پیش کیا جا سکتا ہے۔

- کارکردگی کی بنیاد پر معاوضہ: انسانی وسائل کے اخراجات کو منظم رکھنے کی کوشش کا محور کارکردگی جانچنا اور اسی کے مطابق معاوضہ دینے پر ہونا چاہیے۔
- تربیت اور ہنر کی ترقی: ماہرین اور نئے طریقوں سے واقفیت کے ذریعے اپنی اور ملازمین کی تربیت اور ہنر کو ترقی دینا کامیابی کے راستے پر آگے بڑھنا ہے۔ تربیت اور ہنر کی ترقی (T&SD) کے لیے کم سے کم لاگت والے طریقوں کو معاوضے اور انعامات سے منسلک کرنا چاہیے۔

## 13.2 ماہرین ومشیران (Contacts :Suppliers, Experts/Consultants)

1۔ نیو چوہدری زرعی، مکینکل انجینئرز

چوک اے ٹی ایم وہاڑی روڈ ملتان

فون: 061-36526132, 061-36529022, 061-36527607

2۔ ایگرو ٹریکٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ

38۔ اے۔ مین گلبرگ لاہور

فون: 042- 35871746

3۔ ڈاکٹر محمد اسلم مرزا

انسٹی ٹیوٹ آف ڈائریکٹر اینیمل نیوٹریشن وفوڈ ٹیکنالوجی

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

فون: 041-9920161-70

## 13.3 کارآمد روابط (USEFUL LINKS)

Prime Minister's Office

www.pmo.gov.pk

Small & Medium Enterprises Development Authority(SMEDA)

www.smeda.org.pk

National Bankof Pakistan(NBP)

www.nbp.com.pk

First Women Bank Limited (FWBL)

www.fwbl.com.pk

Government of Pakistan

www.pakistan.gov.pk

Ministry of Industries & Production

www.moip.gov.pk

Ministry of Education, Training & Standardsin Higher Education

www.moptt.gov.pk

Government of Punjab

www.punjab.gov.pk

Government of Sindh

www.sindh.gov.pk

Government of Khyber Pakhtoonkhwa

www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk

Government of Balochistan

www.balochistan.gov.pk

Government of Gilgit Baltistan

www.gilgitbaltistan.gov.pk

Government of AzadJamm u & Kashmir

www.ajk.gov.pk

Trade Development Authority of Pakistan(TDAP)

www.tdap.gov.pk

Security Commission of Pakistan(SECP)

www.secp.gov.pk

Federation of Pakistan Chambers of Commerceand Industry(FPCCI)

www.fpcci.com.pk

State Bank of Pakistan(SBP)

## 13.4 کلیدی مفروضے(KEY ASSUMPTIONS)

مندرجات

| | |
|---|---|
| قرضہ اور ذاتی سرمایہ کا تناسب | 10:90 |
| شرح سود | 8% |
| قرض کا دورانیہ | 8 سال |
| رعائیتی مدت | 1سال |
| قدر کی کمی کی شرح | 10% |
| قیمت فروخت کی شرح نمو | 10% |
| اوسط مستقل لاگت | 9.2% |
| اداشدہ کرائے کا دورانیہ | 6مہینے |
| ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کی شرح | 10% |
| دفتری اخراجات میں اضافہ کی شرح | 10% |

## 13.5 آمدن کا گوشوارہ (INCOME STATEMENT)

### FODDER Production & Trading Business

| Projected Income Statement (Rs.) | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Revenue** | 5,115,000 | 5,907,825 | 6,823,538 | 7,881,186 | 9,102,770 | 10,513,699 | 12,143,323 | 14,025,538 | 16,199,496 | 18,710,418 |
| **Sales on Credit** | 511,500 | 590,783 | 682,354 | 788,119 | 910,277 | 1,051,370 | 1,214,332 | 1,402,554 | 1,619,950 | 1,871,042 |
| **Sales on Cash** | 4,603,500 | 5,317,043 | 6,141,184 | 7,093,068 | 8,192,493 | 9,462,330 | 10,928,991 | 12,622,984 | 14,579,547 | 16,839,376 |
| **Beginning Inventory** | - | 67,885 | 74,843 | 82,514 | 90,972 | 100,296 | 110,577 | 121,911 | 134,407 | 148,184 |
| **Ending Inventory** | 67,885 | 74,843 | 82,514 | 90,972 | 100,296 | 110,577 | 121,911 | 134,407 | 148,184 | 163,372 |
| **Bed Debt Expenses** | 10,230 | 11,816 | 13,647 | 15,762 | 18,206 | 21,027 | 24,287 | 28,051 | 32,399 | 37,421 |
| **Net (Adjusted Sales)** | 5,036,885 | 5,889,051 | 6,802,219 | 7,856,966 | 9,075,240 | 10,482,392 | 12,107,702 | 13,984,991 | 16,153,321 | 18,657,809 |
| | | | | | | | | | | |
| **Cost of Sales** | 3,190,000 | 3,480,695 | 3,799,322 | 4,148,647 | 4,531,711 | 4,951,864 | 5,412,792 | 5,918,553 | 6,473,614 | 7,082,891 |
| | | | | | | | | | | |
| Cultivation Cost | 2,118,000 | 2,335,095 | 2,574,442 | 2,838,323 | 3,129,251 | 3,449,999 | 3,803,624 | 4,193,495 | 4,623,328 | 5,097,220 |
| Cultivation Land Rent | 400,000 | 440,000 | 484,000 | 532,400 | 585,640 | 644,204 | 708,624 | 779,487 | 857,436 | 943,179 |
| Direct Utility Expense | 672,000 | 705,600 | 740,880 | 777,924 | 816,820 | 857,661 | 900,544 | 945,571 | 992,850 | 1,042,493 |
| | | | | | | | | | | |
| **Gross Profit** | 1,846,885 | 2,408,356 | 3,002,897 | 3,708,320 | 4,543,529 | 5,530,528 | 6,694,910 | 8,066,438 | 9,679,707 | 11,574,917 |
| **Gross Profit Margin** | 37% | 41% | 44% | 47% | 50% | 53% | 55% | 58% | 60% | 62% |
| | | | | | | | | | | |
| **General Administrative & Selling Expenses** | | | | | | | | | | |
| Salaries | 1,140,000 | 1,254,000 | 1,379,400 | 1,517,340 | 1,669,074 | 1,835,981 | 2,019,580 | 2,221,537 | 2,443,691 | 2,688,060 |
| Office Rent | 180,000 | 198,000 | 217,800 | 239,580 | 263,538 | 289,892 | 318,881 | 350,769 | 385,846 | 424,431 |
| Amortization of Preliminary Expenses | 16,000 | 16,000 | 16,000 | 16,000 | 16,000 | - | - | - | - | - |
| Depreciation Expense | 118,200 | 106,380 | 95,742 | 86,168 | 77,551 | 70,096 | 63,086 | 56,778 | 51,100 | 45,990 |
| Maintenance Expense | 10,000 | 10,000 | 10,000 | 10,000 | 10,000 | 10,000 | 10,000 | 10,000 | 10,000 | 10,000 |
| Selling & Distribution | 151,107 | 176,672 | 204,067 | 235,709 | 272,257 | 314,472 | 363,231 | 419,550 | 484,600 | 559,734 |
| | | | | | | | | | | |
| ***Subtotal*** | *1,615,307* | *1,761,052* | *1,923,009* | *2,104,797* | *2,308,420* | *2,520,441* | *2,774,778* | *3,058,634* | *3,375,237* | *3,728,215* |
| **Operating Income** | 231,579 | 647,305 | 1,079,889 | 1,603,523 | 2,235,109 | 3,010,087 | 3,920,132 | 5,007,804 | 6,304,470 | 7,846,702 |
| | | | | | | | | | | |
| Financial Charges | 146,754 | 139,392 | 122,484 | 104,173 | 84,343 | 62,866 | 39,606 | 14,416 | - | - |
| | | | | | | | | | | |
| **Earnings Before Taxes** | 84,825 | 507,912 | 957,404 | 1,499,349 | 2,150,766 | 2,947,221 | 3,880,525 | 4,993,387 | 6,304,470 | 7,846,702 |
| Tax | - | 50,791 | 66,111 | 147,402 | 277,653 | 459,305 | 692,631 | 1,020,516 | 1,429,064 | 1,968,846 |
| **Net Profit** | 84,825 | 457,121 | 891,293 | 1,351,947 | 1,873,113 | 2,487,916 | 3,187,894 | 3,972,871 | 4,875,405 | 5,877,856 |
| | | | | | | | | | | |
| **Monthly Profit After Tax** | 7,069 | 38,093 | 74,274 | 112,662 | 156,093 | 207,326 | 265,658 | 331,073 | 406,284 | 489,821 |

Page 1

## 13.6 :اثاثوں اورواجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) (BALANCE SHEET)

### FODDER Production & Trading Business

| Projected Balance Sheet (Rs.) | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| ***Current Assets*** | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank Balance | 688,000 | 708,265 | 1,052,401 | 1,799,573 | 2,975,498 | 4,636,656 | 6,865,665 | 9,758,768 | 13,399,062 | 18,257,855 | 24,103,097 |
| Raw Material Inventory | 88,250 | 176,500 | 194,591 | 214,537 | 236,527 | 260,771 | 287,500 | 316,969 | 349,458 | 385,277 | 424,768 |
| Finished Goods | | 67,885 | 74,843 | 82,514 | 90,972 | 100,296 | 110,577 | 121,911 | 134,407 | 148,184 | 163,372 |
| Accounts Receivable | 0 | 42,625 | 49,232 | 56,863 | 65,677 | 75,856 | 87,614 | 101,194 | 116,879 | 134,996 | 155,920 |
| **Total Current Assets** | **776,250** | **995,275** | **1,371,067** | **2,153,486** | **3,368,674** | **5,073,579** | **7,351,356** | **10,298,842** | **13,999,806** | **18,926,312** | **24,847,158** |
| ***Fixed Assets*** | | | | | | | | | | | |
| Plant Machinery & Facility | 1,000,000 | 900,000 | 810,000 | 729,000 | 656,100 | 590,490 | 531,441 | 478,297 | 430,467 | 387,420 | 348,678 |
| Factory Construction | 60,000 | 54,000 | 48,600 | 43,740 | 39,366 | 38,429 | 34,586 | 31,128 | 28,015 | 25,214 | 25,692 |
| Furniture & Fixtures | 122,000 | 109,800 | 98,820 | 88,938 | 80,044 | 72,040 | 64,836 | 58,352 | 52,517 | 47,265 | 42,539 |
| **Total Fixed Assets** | **1,182,000** | **1,063,800** | **957,420** | **861,678** | **775,510** | **700,959** | **630,863** | **567,777** | **510,999** | **459,899** | **416,909** |
| ***Intangible Assets*** | | | | | | | | | | | |
| Preliminary Expenses | **80,000** | **64,000** | **48,000** | **32,000** | **16,000** | - | - | - | - | - | - |
| **Total Assets** | **2,038,250** | **2,123,075** | **2,376,487** | **3,047,164** | **4,160,184** | **5,774,539** | **7,982,219** | **10,866,619** | **14,510,805** | **19,386,211** | **25,264,067** |
| **Owner's Equity** | 203,825 | 288,650 | 745,771 | 1,637,065 | 2,989,011 | 4,862,125 | 7,350,040 | 10,537,934 | 14,510,805 | 19,386,211 | 25,264,067 |
| **Long Term Liability** | 1,834,425 | 1,834,425 | 1,630,716 | 1,410,100 | 1,171,172 | 912,414 | 632,179 | 328,684 | 0 | 0 | 0 |
| **Total Equity & Liabilities** | **2,038,250** | **2,123,075** | **2,376,487** | **3,047,164** | **4,160,184** | **5,774,539** | **7,982,219** | **10,866,619** | **14,510,805** | **19,386,211** | **25,264,067** |

## 13.7 : گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو۔CASH FLOW)

### FODDER Production & Trading Business

| Projected Statement of Cash Flows (Rs.) | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Cash Flow From Operating Activities** | | | | | | | | | | | |
| Net Profit | 0 | 84,825 | 457,121 | 891,293 | 1,351,947 | 1,873,113 | 2,487,916 | 3,187,894 | 3,972,871 | 4,875,405 | 5,877,856 |
| Add: Depreciation Expense | 0 | 118,200 | 106,380 | 95,742 | 86,168 | 77,551 | 70,096 | 63,086 | 56,778 | 51,100 | 45,990 |
| Amortization Expense | 0 | 16,000 | 16,000 | 16,000 | 16,000 | 16,000 | - | - | - | - | - |
| (Increase) / decrease in RM | | -88,250 | -18,091 | -19,946 | -21,990 | -24,244 | -26,729 | -29,469 | -32,489 | -35,819 | -39,491 |
| (Increase) / decrease in FG Inventory | | -67,885 | -6,958 | -7,671 | -8,458 | -9,325 | -10,280 | -11,334 | -12,496 | -13,777 | -15,189 |
| (Increase) / decrease in Receivables | - | (42,625) | (6,607) | (7,631) | (8,814) | (10,180) | (11,758) | (13,580) | (15,685) | (18,116) | (20,924) |
| **Net Cash Flow From Operations** | **0** | **20,265** | **547,845** | **967,788** | **1,414,853** | **1,922,916** | **2,509,245** | **3,196,597** | **3,968,978** | **4,858,793** | **5,848,242** |
| **Cash Flow From Financing Activities** | | | | | | | | | | | |
| Receipt of Long Term Debt | 1,834,425 | | | | | | | | | | |
| Repayment of Long Term Debt | | 0 | (203,709) | (220,616) | (238,927) | (258,758) | (280,235) | (303,495) | (328,684) | - | - |
| Owner's Equity | 203,825 | | | | | | | | | | |
| **Net Cash Flow From Financing Activities** | **2,038,250** | **0** | **(203,709)** | **(220,616)** | **(238,927)** | **(258,758)** | **(280,235)** | **(303,495)** | **(328,684)** | **0** | **0** |
| **Cash Flow From Investing Activities** | | | | | | | | | | | |
| Capital Expenditure | (1,000,000) | | | | | (3,000) | | | | | (3,000) |
| Factory/Office Furniture | (122,000) | | | | | | | | | | |
| Preliminary Operating Expenses | (80,000) | | | | | | | | | | |
| Office Renovation Cost | (60,000) | | | | | | | | | | |
| Land for Cultivation | 0 | | | | | | | | | | |
| Purchase of RM | (88,250) | | | | | | | | | | |
| **Net Cash Flow From Investing Activities** | **(1,350,250)** | **0** | **0** | **0** | **0** | **(3,000)** | **0** | **0** | **0** | **0** | **(3,000)** |
| **NET CASH FLOW** | **688,000** | **20,265** | **344,136** | **747,171** | **1,175,926** | **1,661,157** | **2,229,009** | **2,893,103** | **3,640,294** | **4,858,793** | **5,845,242** |
| **Cash at the Beginning of the Period** | **0** | **688,000** | **708,265** | **1,052,401** | **1,799,573** | **2,975,498** | **4,636,656** | **6,865,665** | **9,758,768** | **13,399,062** | **18,257,855** |
| **Cash at the End of the Period** | **688,000** | **708,265** | **1,052,401** | **1,799,573** | **2,975,498** | **4,636,656** | **6,865,665** | **9,758,768** | **13,399,062** | **18,257,855** | **24,103,097** |